علمی مضامین سلسلہ نمبر ٦٥

''اَلحامد ٹرسٹ'' نزد جامعہ مدنیہ جدید رائیونڈ روڈ لاہور کی جانب سے شیخ المشائخ محدثِ کبیر حضرت اَقدس مولانا سیّد حامد میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے بعض اہم خطوط اور مضامین کو سلسلہ وار شائع کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے جو تا حال طبع نہیں ہو سکے جبکہ ان کی نوع بنوع خصوصیات اس بات کی متقاضی ہیں کہ افادۂ عام کی خاطر اِن کو شائع کر دیا جائے۔ اسی سلسلہ میں بعض وہ مضامین بھی شائع کیے جائیں گے جو بعض جرائد و اخبارات میں مختلف مواقع پر شائع ہو چکے ہیں تا کہ ایک ہی لڑی میں تمام مضامین مرتب و یکجا محفوظ ہو جائیں۔ (اِدارہ)

# مجاہدینِ اِسلام کے لیے خاص دُعائیں

حضرت شریح بن عبید الحضرمیؒ فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے زبیر بن ولید کو یہ بتلاتے ہوئے سنا کہ اُنہوں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے سنا کہ جناب ِرسول اللہ ﷺ جب جہاد یا سفر پر تشریف لے جاتے اَور رات کا وقت ہو جاتا تو یہ دُعا پڑھتے :

یَا اَرْضُ رَبِّیْ وَرَبُّكِ اللّٰہُ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّكِ وَشَرِّ مَا فِیْكِ وَشَرِّ مَا دَبَّ عَلَیْكِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ کُلِّ اَسَدٍ وَ اَسْوَدَ وَحَیَّةٍ وَعَقْرَبٍ وَمِنْ شَرِّ سَاکِنِ الْبَلَدِ وَمِنْ شَرِّ وَالِدٍ وَمَا وَلَدَ.

اَبو القاسم نے فرمایا '' وَمَا وَلَدَ '' سے مراد ''اِبلیس'' ہے اَور اَبو القاسم حدیث کے راویوں میں سے ایک ہیں۔ (تهذيب الكمال فی الزبير بن وليد الشامی ج ٢ ص ٢١٥)

بہرحال اللہ پاک کی طرف توجہ کرنا اَور ایسی دُعاؤں کا پڑھتے رہنا کہ جن میں بڑی تاثیرات دیکھی گئی ہوں بہت بڑے نفع کا حامل ہے لہٰذا چند دُعائیں تحریر کیے دیتا ہوں کیونکہ اِن میں کثیر نفع کی اُمید ہے۔ چنانچہ کتب میں مذکور ہے کہ اِبن حاتم روایت کرتے ہیں کہ جناب ِرسول اللہ ﷺ نے معرکۂ بدر کے موقع پر شَاهَتِ الْوُجُوْهُ اَللّٰهُمَّ اَرْعِبْ قُلُوْبَهُمْ وَزَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ پڑھا اَور سنگریزے اُٹھا کر دُشمن کے لشکر کی دائیں بائیں اَور پشت کی جانب ڈال دیے پس دُشمن کے دفعیہ اَور شکست میں اِس کے عظیم اَثرات نمودار ہوئے۔ حق تعالیٰ نے کلامِ مجید میں اِرشاد فرمایا ہے :

وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی یعنی آپ نے نہیں مارا بلکہ اللہ تعالیٰ نے مارا۔

اَور جبکہ مجاہدینِ اِسلام پوری طرح راہِ حق میں اُس کے دینِ متین کی خاطر سر ہتھیلی پر رکھ کر باری تعالیٰ کے حضور حاضر ہیں۔ تو مناسب ہوگا کہ اِس طرح کر لیں کہ (مذکورہ بالا) آیتِ مبارکہ '' وَمَا رَمَیْتَ ........ '' چند بار بعد دِطاق پڑھ لیں کہ یہ آیتِ مبارکہ سے توسل ہوگا اَور تبرک بھی پھر (مذکورہ بالا) شَاھَتِ الْوُجُوْہُ ....... پڑھیں اَور مسنون طریقہ کے مطابق عمل کر کے فائر کا آغاز کریں

(۲) ریڈیائی (ایٹمی) اَثرات اَور زہریلی گیسوں کے ضرر سے حفاظت کے لیے ہر نماز کے بعد تین بار یہ دُعا پڑھ لیا کریں :

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْئٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ .

نیز اِس مبارک دُعا کے فوائد میں ایک واقعہ سیف من سیوف اللہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی طرف بھی منسوب ہے۔

(۳) آگ خاص طور پر نیپام بم وغیرہ کے نقصانات سے تحفظ کے لیے مندرجہ ذیل آیاتِ مبارکہ ہر روز ایک بار یا ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کریں۔

علامہ کمال الدین محمد بن موسٰی الدمیریؒ نے حیاۃ الحیوان میں ذکرِ شاۃ کے ذیل میں اَبو زُرعہ رازی رحمہ اللہ سے ایک قصہ عجیبہ نقل کیا ہے :

ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ. وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ. وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰہَ غَافِلًا عَمَّا یَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ . وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا. وَقَضٰی رَبُّکَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اِیَّاہُ. تَنْزِیْلاً مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی . یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ . اِئْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْھًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَائِعِیْنَ . وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ مَا اُرِیْدُ مِنْھُمْ مِنْ رِّزْقٍ وَّمَا اُرِیْدُ اَنْ یُّطْعِمُوْنِ اِنَّ اللّٰہَ

هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ . وَفِى السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ فَوَ رَبِّ السَّمآءِ وَالْاَ رْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَا اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ .

(۴) ہر قسم کی حفاظت کے لیے یہ دُعا ہر روز ایک بار یا ہر نماز کے بعد پڑھیں۔
علامہ دَمیریؒ نے ذکرِ شاۃ میں اِس کی عجیب تاثیرات ذکر فرمائی ہیں۔

وَلَا يَؤُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ . وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً . وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْئًا اِنَّ رَبِّىْ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ حَفِيْظٌ . فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ . لَهٗ مُعَقِّبَاتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ . اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ . وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيْمٍ . وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا. وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ . وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطَان مَّارِدٍ. وَحِفْظًا ذَالِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ. وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ حَفِيْظٌ. اَللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ. وَعِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيْظٌ. وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِيْنَ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ . اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ. اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ فِرْعَوْنَ وَ ثَمُوْدَ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِىْ تَكْذِيْبٍ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُحِيْطٌ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ فِىْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ.

(۵) حشرات الارض (کیڑے مکوڑوں) سے حفاظت کے لیے یہ دُعا صبح و شام پڑھیں :

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ .

حدیث شریف میں آتا ہے کہ یہ دُعاء بچھو سے حفاظت کے لیے ہے چونکہ کلماتِ دُعاء عام ہیں لہٰذا اللہ پاک سے عام نفع کا طلبگار رہنا چاہیے کہ حق تعالیٰ ہر شر سے محفوظ رکھیں، اِنشاء اللہ بقدرِ نیت اِس کی برکات کا مشاہدہ کریں گے۔

جو بھی راہِ حق میں برسرِ پیکار ہے حق تعالیٰ اُس کا حامی و ناصر ہو، آمین۔ ✿ ✿ ✿